This question paper contains 3 printed pages]

**Roll No.** | | | | | | | | | | | |

| | | |
|---|---|---|
| S. No. of Question Paper | : | **7485** |
| Unique Paper Code | : | **2142203602** |
| Name of the Paper | : | **Urdu Tanz-o-Mazah** |
| Name of the Course | : | **B.A. (P) (DSC 12)** |
| Semester | : | **VI** |

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **90**

*(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)*

نوٹ : کل پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

ا۔ ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے :

(الف)

''کتوں کے بھونکنے پر مجھے سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ ان کی آواز سوچنے کے تمام قویٰ معطل کر دیتی ہے۔ خصوصاً جب کسی دوکان کے تختے کے نیچے سے ان کا ایک پورا خفیہ جلسہ سڑک پر آکر تبلیغ کا کام شروع کر دے تو آپ ہی کہیے ہوش ٹھکانے رہ سکتے ہیں ؟ ہر ایک طرف باری باری سوچنا پڑتا ہے، کچھ ان کا شور کچھ ہماری صدائے احتجاج، زیر لب بے ڈھنگی حرکات وسکنات۔ اس ہنگامے میں بھلا دماغ کام کرسکتا ہے؟ اگرچہ یہ مجھے بھی نہیں معلوم اگر ایسے موقع پر دماغ کام کرے بھی تو کیا تیر مارلے گا ؟ بہرصورت کتوں کی

یہ پرلے درجے کی نا انصافی میرے نزدیک ہمیشہ قابلِ نفریں رہی ہے۔ اگر ان کا ایک نمائندہ شرافت کے ساتھ ہم سے آ کر کہہ دے کہ عالی جناب سڑک بند ہے تو خدا کی قسم ہم بغیر چون و چرا کئے واپس لوٹ جائیں اور یہ کوئی نئی بات نہیں ہے ہم نے کتوں کی درخواست پر کئی راتیں سڑکیں ناپنے میں گذار دی ہیں۔ لیکن پوری مجلس کا یوں متفقہ طور پر سینہ زوری کرنا ایک کمینہ حرکت ہے۔''

(ب)

کہا مجنوں نے یہ اچھی سنائی
کجا عاشق کجا کالج کی بکواس
بڑی بی آپ کو کیا ہو گیا ہے
ہرن پر لادی جاتی ہے کہیں گھاس
یہ اچھی قدر دانی آپ نے کی
مجھے سمجھا ہے کوئی ہر چرن داس
دل اپنا خون کرنے کو ہوں موجود
نہیں منظور مغزِ سر کا آماس
یہی ٹھہری جو شرطِ وصلِ لیلیٰ
تو استعفا مرا با حسرت و یاس

۲۔ 'اردو شاعری میں طنز و مزاح' کے عنوان سے ایک مضمون لکھئے۔

۳۔ طنز و مزاح کے فن پر اظہارِ خیال کیجئے۔

۴۔ اردو نثر میں طنز و مزاح کے ارتقا پر روشنی ڈالئے۔

۵۔ پطرس بخاری کی مزاح نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

۶۔ مضمون 'مرشد' کا تجزیہ کیجئے۔

۷۔ رشید احمد صدیقی کی طنز و مزاح نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

۸۔ مشتاق احمد یوسفی کے فکر و فن پر روشنی ڈالئے۔

۹۔ اکبر الہٰ آبادی کی شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔